زوج	دو عینی اخوات	ام	اخیافی اخت	اخیافی اخ
$\frac{1}{2}$	$\frac{2}{3}$	$\frac{1}{6}$	$\frac{1}{6}$	$\frac{1}{6}$
۳	۴	۱	۱	۱

× جب اصل مخرج مسئلہ کم ہو مجموعۂ سہام وارثان سے تو اوس صورت کو مسئلہ عول کہتے ہیں۔اور مجموعۂ سہام وارثان مخرج مسئلہ ہوتا ہے۔اور اوسکی تین صورتین ہین۔

اول-جب اصل مسئلہ کا مخرج ۶ ہو تب مخرج مسئلہ ۷ - ۸ - ۹ یا ۱۰ کی طرف عول کرتا ہے۔

دوم-جب ایضاً ۱۲ ایضاً ۱۳ - ۱۵ یا ۱۷ کی طرف عول کرتا ہے۔

سوم-جب ایضاً ۲۴ ایضاً صرف ۲۷ کی طرف عول کرتا ہے۔

(۶) زوجہ اور عینی بہن اور علاقی بہن اور عم مخرج مسئلہ ۱۲ اوس سے زوجہ کو تین اور عینی اخت کو چھہ اور اخیافی اخت کو دو اور عم کو ایک حصہ ملیگا

مسئلہ ۱۲

زوجہ	عینی اخت	اخیافی اخت	عم
۱/۴	۱/۲	۱/۶	عصبہ
۳	۶	۲	۱

(۷) زوجہ اور دو بنات اور ام اور اخ مخرج مسئلہ ۲۴ اوس سے زوجہ کو تین اور ہر لڑکی کو آٹھ اور ماں کو چار اور باقی ایک حصہ بھائی کو ملیگا -

مسئلہ ۲۴

زوجہ	دو بنات	ام	اخ
۱/۸	۲/۳	۱/۶	عصبہ
۳	۱۶	۴	۱

ایک اور قاعدہ بھی ہے جس سے چند حصون کا مخرج بآسانی معلوم ہوجاتا ہے - پہلے معلوم ہوچکا کہ معین حصے چھہ ہین - اور یہ حصے دو نوع کے ہین - نوع اول - نصف ربع اور ثمن - نوع دوم - ثلث ثلثان اور سدس - پس اگر ایک نوع کے دو یا تین حصے کسی مسئلہ مین جمع ہو جاوین تو جس حصے کا مخرج سب سے بڑا ہو گا وہی مسئلہ کا مخرج ہو گا - مثلاً

نصف اور ربع کا	۴	ثلث اور ثلثان کا	۳
نصف اور ثمن کا	۸	ثلث اور سدس کا	۶
ربع اور ثمن کا	۸	ثلثان اور سدس کا	۶

دونون نوع کے حصے اگر کسی مسئلہ مین جمع ہون تو حسب تفصیل ذیل مخرج مسئلہ ہو گا - نوع دوم کے کسی حصے کے ساتھ نصف جمع ہونے سے مخرج مسئلہ ۶ ہو گا -

ایضاً	ایضاً	ربع	ایضاً	ایضاً ۱۲
ایضاً	ایضاً	ثمن	ایضاً	ایضاً ۲۴

فروع - مسائل فرائض درست ہونے کے لیے مخرج مسئلہ کا ٹھیک ہونا ضرور ہے اور جبتک مخرج مسئلہ صحیح نہو تب تک وارثون کے سہام یعنے حصے ٹھیک نہین ہوسکتے اور سہام کا ٹھیک ہونا مسائل فرائض کے لیے واجب ہے - اسلیے مخرج نکالنے مین مشق حاصل کرنا چاہیے

رد کا بیان

رد عول کی ضد ہے - جیسے عول مین تمام حصون کا مجموعہ اصل مسئلہ سے زائد ہوجاتا ہے اوسی طرح رد مین تمام حصون کا مجموعہ اصل مسئلہ سے کم ہوجاتا ہے - اور زوجین یعنے زوج اور زوجہ پر رد نہین ہوتا ہے - اور رد کی مندرجۂ ذیل چار قسمین ہین -

ف جب اصل مخرج مسئلہ سے مجموعۂ سہام وارثان کم ہو تو اوس صورت کو ردیہ مسئلہ کہتے ہیں - اور اوس قسم کے ایک مسئلہ میں سواے زوجین کے تین قسم کے وارثون سے زائد جمع نہین ہوسکتے ہیں - اور جس فرائض کے مسئلہ میں کوئی عصبہ ہوگا وہ مسئلہ ردی نہیں زوجین پر رد نہین ہوتا ہے مگر اس ملک ہندوستان میں زوجین پر رد جائز ہے اگر کوئی اونکے سواے مستحق ہو دوسرے یعنے میت کے کوئی قرابت قریبہ یا بعیدہ زندہ نہو - اگر زوجین مین کوئی قرابت نسبی بھی ہو (صرف عقد نکاح سے قرابت نسبی ثابت نہیں ہوتی) تو اوس اعتبار سے اپنے معین حصے کے علاوہ اور مال پانے کے بھی مستحق ہوسکتے ہین - جیسے ایک عورت نے ایسا شوہر اور نواسا چھوڑا اور یہ شوہر اوسکا چچازاد بھائی بھی ہوتا ہے - پس ایسی صورت میں شوہر کو تمام مال ملیگا نصف مال بطریق فرضیت کے اور باقی بطریق عصوبت کے - اور نواسے کو کچھ نہین ملے گا - کیونکہ وہ ذوی الارحام سے ہے اور شوہر ایک اعتبار سے عصبہ ہے - اور جیسے ایک شخص مرا اوسنے اپنی زوجہ اور ایک علاتی چچازاد بہن کو وارث چھوڑا - وہ زوجہ میت کی حقیقی چچازاد بہن بھی ہے - اس صورت مین کل مال زوجہ کو ملجاویگا - چوتھائی مال بطریق فرضیت کے اور باقی اس سبب سے کہ وہ اوسکی عینی چچا کی لڑکی ہے - اور علاتی چچا کی لڑکی کو کچھ نہین ملیگا کیونکہ عینی چچا کی لڑکی علاتی چچا کی لڑکی سے قرابت میں قوی ہے -

اور رد کی چار قسمین ہین - اور ان چار قسمون کی اول اور دوم قسم مین زوجین نہیں ہیں اور سوم اور چہارم قسم مین زوجین بھی داخل ہین -

جب مخرج مسئلہ ۱۲ ہو تو ۱۳ یا ۱۵ یا ۱۷ اسے عول ہوگا مثلاً

زوجہ اور دو اخوات اور ام - عول ۱۳ مسئلہ ۱۲ عول ۱۳

زوجہ	دو اخوات	ام
۱/۴ — ۳	۲/۳ — ۸	۱/۶ — ۲

زوجہ کو تین اور ہر بہن کو چار اور ماں کو دو سہام ملیگا

زوجہ اور دو عینی اخوات اور ام اور اخیافی اخت مسئلہ ۱۲ عول ۱۵

زوجہ	دو عینی اخوات	ام	اخیافی اخت
۱/۴ — ۳	۲/۳ — ۸	۱/۶ — ۲	۱/۶ — ۲

عول ۱۵ - زوجہ کو تین اور ہر عینی بہن کو چار اور ماں کو دو اور اخیافی بہن کو دو سہام ملیگا -

زوجہ اور دو عینی اخوات اور ام اور اخیافی اخت اور اخیافی اخ - مسئلہ ۱۲ عول ۱۷

زوجہ	دو عینی اخوات	ام	اخیافی اخت	اخیافی اخ
۱/۴ — ۳	۲/۳ — ۸	۱/۶ — ۲	۱/۶ — ۲	۱/۶ — ۲

عول ۱۷ - زوجہ کو تین اور ہر عینی بہن کو چار اور ماں کو دو اور اخیافی بہن کو دو اور اخیافی بھائی کو دو سہام ملیگا -

جب مخرج مسئلہ ۲۴ ہو تو صرف ۲۷ سے عول ہوگا -

زوجہ اور دو بنات اور ام اور اب مسئلہ ۲۴ عول ۲۷

زوجہ	دو بنات	ام	اب
۱/۸ — ۳	۲/۳ — ۱۶	۱/۶ — ۴	۱/۶ — ۴

عول ۲۷ - زوجہ کو تین اور ہر لڑکی کو آٹھ اور ماں کو چار اور باپ کو چار سہام ملیگا -

فروع - مخرج مسئلہ اور سہام وارثان کی صحت کے لیے مسائل عول کو یاد رکھنا ضرور ہے اور جبتک وارثوں کے معین حصے کو خوب یاد نہ رکھا جائے تب تک اصل مخرج مسئلہ نہیں معلوم ہوسکتا ہے -

مثال اول - جس مسئلہ میں زوج ہو اور مخرج مسئلہ ۶ ہو تب زوج کے ساتھ اگر ایک قسم کے وارث ہوں تو عول ۷ سے ہوگا - اگر دو قسم کے ہوں تو ۸ سے - اگر ایک قسم والے کے ساتھ قسم اخیافی ہوں تو ۷ اور ۸ سے عول ہوگا - اور اگر دو قسم والے کے ساتھ قسم اخیافی ہوں تو ۹ اور ۱۰ اسے جیسے موقع ہو عول ہوگا

مثال دوم - جس مسئلہ میں زوجہ ہو اور مخرج مسئلہ ۱۲ ہو تب زوجہ کے ساتھ اگر دو قسم کے وارث ہوں تو ۱۳ سے اور اگر ان کے ساتھ قسم اخیافی ہوں تو ۱۵ - اور ۱۷ اسے عول ہوگا -

مثال سوم - جس مسئلہ میں زوجہ ہو اور مخرج مسئلہ ۲۴ ہو تب زوجہ کے ساتھ تین قسم کے وارث ہونے سے مسئلہ ۲۷ سے عول ہوگا - (ذوی الفروض وارث ہوں)

مسئلہ ۶ سے ۴ | | مسئلہ ۶ سے ۵ | |
|---|---|---|---|---|
| بنت | ام | بنت | بنت الابن | ام |
| ۳ | ۱ | ۳ | ۱ | ۱ |

قسم سوم

پہلی قسم یعنے ایک قسم کے ذوی الفروض کے ساتھ اگر زوجین مین سے بھی کوئی ہو تو زوج یا زوجہ کا مسئلہ جدا کرو پھر اوسکو حصہ دیکر جو بچے وہ باقی وارثان ذوی الفروض قسم اول پر تقسیم کردو جیسے

مسئلہ ۲		مسئلہ ۴	
زوج	اخت اخیافی	زوج	بنت
۱	۱	۱	۳
مسئلہ ۴		**مسئلہ ۸**	
زوجہ	اخت	زوجہ	بنت
۱	۳	۱	۷

قسم چہارم

دوسری قسم یعنے چند قسم کے ذوی الفروض کے ساتھ اگر زوجین مین سے بھی کوئی

قسم چہارم - اس مین قسم دوم کے وارث زوج یا زوجہ کے ساتھ ہین - اگر زوج کے ساتھ ہون تو زوج کے اقل مخرج ۲ یا ۴ سے مسئلہ کرکے اوس سے ایک حصہ زوج کو دیکر باقی ایک یا تین حصے قسم دوم کے وارثون کو ملین گے - مگر اون وارثون کے کل اصل سہام اگر مذکورۂ بالا دو کی صورت مین ایک سے اور چار کی صورت مین تین سے زائد ہون تو اون وارثون کے سہام کے مجموعہ یعنے ردی مسئلہ کے مخرج کو زوج کے اقل مخرج مین ضرب دینا اور حاصل ضرب مخرج مسئلۂ ہذا ہوگا جسکو اصل مسئلہ پر یہ نشان (لسہ) کرکے لکھدینا - پھر مخرج ردی کو زوج کے سہام مین ضرب دیکر حاصل ضرب کو اوسکے حصے کے نیچے لکھدینا اور زوج کے اقل مخرج سے اوسکو حصہ دینے کے بعد جو حصے بچے ہون (یعنے ایک یا تین) اونکو ہر وارث کے اصلی سہام مین ضرب دیکر حاصل ضرب کو ہر ایک حصے کے نیچے لکھدینا اب مجموعۂ حصۂ کل وارثان برابر مخرج مسئلۂ ہذا کے ہوگا - اور اسی طرح اگر قسم دوم کے وارث زوجہ کے ساتھ ہون تو زوجہ کے اقل مخرج ۴ یا ۸ سے مسئلہ

قسم اول

جن وارثون پر رد ہوسکتا ہے اون مین سے اگر صرف ایک ہی قسم کے وارث ہون اور زوجین نہون تو ایسی صورت مین اون وارثون کے شمار کا عدد مخرج مسئلہ ہوگا جیسے صرف چار بنات یا پانچ جدات یا تین اخوات وارث چھوڑے تو جو شمار کا عدد ہے وہی مخرج مسئلہ ہے یعنے ۴-۵ یا ۳ یا جیسے موقع ہو اور ہر ایک وارث کو ایک ایک حصہ ملیگا -

قسم دوم

جن وارثون پر رد ہوسکتا ہے اونمین سے چند قسم کے وارث موجود ہون اور زوجین مین سے کوئی نہو تو ایسی صورت مین وارثون کو جو حصے اصل مسئلہ سے پہنچے ہین اون کا مجموعہ ردی مسئلہ بنایا جاوے گا - اور اصل مسئلہ پر رد کا نشان (عہ) کرکے مجموعہ کو اوسپر لکھدیا جاوے گا - مثلاً

مسئلہ ۶ رد ۲

جده	اخیافی اخ
۱	۱

مسئلہ ۶ رد ۳

ام	دو اخیافی اخوات
۱	۲

قسم اول - اس مین ایک ہی گروہ کے وارث ہین - اور انکا مخرج مسئلہ ردیہ اوسی طرحپر نکلے گا جس طور پر اول و دوم گروہ کا مخرج نکلتا ہے جسکو مخرج کے بیاں میں ذکر کیا گیا ہے یعنے عدد رؤس یا مجموعۂ عدد رؤس وارثان مخرج مسئلہ ہوگا -

قسم دوم - اس مین گروہ چہارم کے لوگ ہین جنکا بیاں مخرج میں ذکر کیا گیا ہے - اس قسم کے وارثوں کے ردی مسئلہ کا مخرج کل سہام وارثاں ہوگا اور اوس سے ہر قسم کے وارث کو اونکے سہام کے موافق حصہ ملیگا - اور وہ کل سہام یعنے ردی مسئلہ کا مخرج ۲ - ۳ - ۴ - یا ۵ سے زائد نہین ہوتا ہے -

قسم سوم - اس مین قسم اول کے وارث زوج یا زوجہ کے ساتھ ہیں - اگر وہ زوج کے ہمراہ ہون تو مسئلہ ۲ یا ۴ سے کرکے ایک حصہ زوج کو دیکر باقی اون کو دیا جاویگا اور اگر زوجہ کے ساتھ ہون تو ۴ یا ۸ سے مسئلہ کرکے ایک حصہ زوجہ کو دیکر باقی اون کو ملیگا -

کسر تقسیم کا بیان*

فرائض مین یہ ضرور ہے کہ وارثون کے حصے اونکے عدد پر پورے بغیر کسر کے تقسیم ہون مگر اکثر حصون کی تقسیم مین کسر واقع ہوجاتی ہے اور حصے اپنے وارثون پر پورے تقسیم نہین ہوتے ہین - اسواسطے کسر دور کرنے کے لیے دو امر کا لحاظ ضرور ہوا ہے -

پہلا امر - عدد رؤس اور سہام مین اگر جزو مشترک ہو تو اوسکو چھوڑ دو اور جزو غیر مشترک کو لیلو - اور اگر جزو مشترک نہو تو کل عدد رؤس اعتبار کیا جاویگا - [اعداد کے اجزاے ضربی کو حساب والے جزو کہتے ہین] پس اگر دو عددون کے اجزاے ضربی برابر نکالے جاوین تو جو جزو دونون مین پائے جاوینگے وہ مشترک ہونگے اور جو جزو فقط ایک عدد کے اجزاے ضربی مین پایا جاوے اور دوسرے عدد کے اجزاے ضربی مین نہووہ وہ غیر مشترک ہوگا - جیسے

۱۲ بارہ کے اجزاے ضربی ۲ × ۲ × ۳ ہین -	}	ان دونون عددون مین ۲ × ۲ دونون عدد کے اجزاے ضربی مشترک ہین اور بارہ مین
۱۶ سولہ کے ایضا ۲ × ۲ × ۴ ہین -	}	۳ - اور سولہ مین ۴ جزو غیر مشترک

---

* مسائل فرائض مین کسر درست نہین ہے - گروہ اول اور دوم مین کسر نہین ہوتی ہے کیونکہ عدد رؤس سے مسئلہ کیا جاتا ہے اور ہر وارث کو ایک ایک حصہ ملتا ہے - اور گروہ سوم مین بھی کسر بہت کم ہوتی ہے کیونکہ ذوی الفروض کو حصہ دیکر باقی عصبہ کو دیا جاتا ہے - مگر گروہ چہارم کے وارثون مین کسر ہوجاتی ہے اسلیے اوسکے دور کرنے کی صورت یہ ہے کہ

سب قسم کے وارثون کے عدد رؤس کا مخرج ذو اضعاف اقل نکال کر ہر قسم کے مسئلہ (عادلہ عائلہ - ردیہ) کا مخرج مین ضرب دینا حاصل ضرب مخرج مسئلہ ہوگا - یہ جتنی بار اصل مخرج کو زائد کیا گیا ہے اوسی بار وارثون کے اصلی سہام کو زائد کرنا پھر اون زائد کیے ہوئے سہام کو ہر قسم کے وارثون کے عدد رؤس سے منقسم کرکے ہر ایک کو ایک ایک حصہ دیا پھر اگر ہر وارث کے سہام مین کوئی جزو مشترک ملے تو اوس مشترک جزو کو مسئلہ کا مخرج اور سہام سے نکال ڈالنا - باقی جو رہیگا وہ صحیح مخرج مسئلہ اور سہام وارثان ہوگا - مثلاً

ہو تو روجین کا جدا مسئلہ کرو اور باقی ذوی الفروض کا جدا ردی مسئلہ کرو اور جو زوجین سے بچے وہ ردی مسئلہ کے اگر برابر ہو تو ردی مسئلہ کو زوجین کے مسئلہ مین ضرب دیکر حاصل ضرب کو زوجین کے مسئلہ پر (ــــ) اس طرح کا خط کھینچکر لکھدو۔ پھر زوجین کے حصے کو ردی مسئلہ مین ضرب دیکر اوس حصے کے نیچے ایک خط عرضی (ــ) کھینچکر لکھدو۔ اور جو زوجین سے بچا ہو اوس مین باقی وارثون کے حصون کو ضرب دیکر اسی طرح ایک خط عرضی کے نیچے لکھدو۔ مثلاً

مسئلہ ۳ — مسئلہ ۶ رد ۳

زوجہ	جدہ	دو اخیافی اخوات
۱	۱	۲

مسئلہ ۴ (۱۶) — ۳ — مسئلہ ۶ رد ۴

زوج	بنت	ام
۱/۴	۳/۹	۱/۳

مسئلہ ۸ (۳۲) — ۷ — مسئلہ ۶ رد ۴

زوجہ	بنت	ام
۱/۴	۳/۲۱	۱/۷

مسئلہ ۸ (۴۰) — ۷ — مسئلہ ۶ رد ۵

زوجہ	دو بنات	ام
۱/۵	۴/۲۸	۱/۷

مسئلہ ۴ (۱۶) — ۳ — مسئلہ ۶ رد ۴

زوجہ	عینی اخت	اخیافی اخت
۱/۴	۳/۹	۱/۳

مسئلہ ۲ (۸) — ۱ — مسئلہ ۶ رد ۴

زوج	عینی اخت	اخیافی اخت
۱/۴	۳	۱

کرے اوس سے ایک حصہ زوجہ کو دیکر باقی تین یا سات حصے قسم دوم کے وارثون کو ملے گا مگر ان وارثون کے کل اصلی سہام اگر ۳ یا ۷ کے برابر ہون تو اون وارثون کے ردی مخرج کو زوجہ کے اقل مخرج مین ضرب دینا۔ حاصل ضرب مخرج مسئلہ ہذا ہوگا۔ اور زوجہ کے سہم کو مخرج ردی سے ضرب کرکے حاصل ضرب کو اوسکے حصے کے نیچے لکھدینا اور ہر وارث کے سہام کو سہ چند یا ہفت چند جیسے موقع ہو زائد کرکے ہر سہام کے نیچے لکھدینا۔ اب مجموعہ حصہ کل وارثان برابر مخرج مسئلہ ہذا کے ہوگا۔ مثلاً

مسئلہ ۴ (۱۶) — ۳ — مسئلہ ۶ رد ۴

زوج	بنت	ام
۱/۴	۳/۹	۱/۳

مسئلہ ۸ (۳۲) — ۷ — مسئلہ ۶ رد ۴

زوجہ	بنت	ام
۱/۴	۳/۲۱	۱/۷

پہلی مثال - جس مین عدد روس سے اصل مسئلہ اور اوسکے سہام مین ضرب دیگئی ہے -

زوجہ اور پانچ بنات اور ام اور اخ چھوڑے
اس مین بنات کا عدد روس ۵ ہے اور عدد سہام ۱۶
جو پانچ پر پورے تقسیم نہین ہوتے - اور عدد روس اور
سہام مین جزو مشترک بھی نہین ہے - اسواسطے عدد
روس کو اصل مسئلہ اور اوسکے سہام مین ضرب
دیا اب بنات کے سہام ۸۰ ہوگئے اور اسی پانچ بنات
پر پورے تقسیم ہوئے - ہر ایک بنت کے حصہ مین ۱۶ آئے -

مسئلہ ۲۴ / ۱۲۰			
زوجہ	پانچ بنات	ام	اخ
۳ / ۱۵	۱۶ / ۸۰	۴ / ۲۰	۱ / ۵

دوسری مثال - جس مین عدد کے جزو غیر مشترک سے اصل مسئلہ اور اوسکے سہام مین ضرب دیگئی -

تین زوجات اور چھ اخوات اور ایک عم چھوڑے - اس مین تین زوجات ہین اور
اونکے سہام بھی تین ہین جو پورے تقسیم ہوتے ہین - لیکن اخوات کا عدد روس چھ ہے
اور عدد سہام آٹھ - اور آٹھ چھ پر پورے تقسیم ہو نہین سکتے - اور آٹھ اور چھ مین ۲ جزو مشترک ہے
اور ۳ مین جزو غیر مشترک ہے اسلیے جزو غیر مشترک ۳ کو اصل
مسئلہ اور اوسکے سہام مین ضرب دیا - اب اخوات کے سہام ۲۴
ہوئے ۲۴ چھ مین پورے تقسیم ہوتے ہین - ہر ایک بہن کو چار چار آئے

مسئلہ ۱۲ / ۳۶		
۳ زوجات	چھ اخوات	عم
۳ / ۹	۸ / ۲۴	۱ / ۳

لیکن ۱۲ و ۸ و ۱۶ مین جزو مشترک ۴ ہے اوسکو مخرج مسئلہ اور سہام ہر وارث سے
نکال ڈالنے سے مسئلہ کا مخرج ۶ - اور اوسکے ہر وارث کے سہام ۳ و ۲ و ۴ ہوئے
اسی طرح کا مخرج اور سہام مسائل فرائض میں اعتبار کیا جاتا ہے -
جب ہر وارث سہام مین جزو مشترک ہو تب اصل مسئلہ کا مخرج اور عدد وارثان کے ذو اضعاف اقل
کا حاصل ضرب مخرج مسئلہ ہوگا - اور سہام اور ذو اضعاف اقل یُنا کا حاصل ضرب سہام وارثان اعتبار ہوگا -

مثال ہذا مین مخرج مسئلہ ۱۵۶ - اور ہر زوجہ کا سہام ۹ - اور
ہر بہن کا ۳۲ - اور ہر جدہ کا ۶ - ان مین کوئی جزو مشترک
نہین ہے اسلیے وہی اعتبار ہوئے -

مسئلہ ۱۲ عـ ۱۳ / ۱۵۶		
۴ زوجہ	بہن اخوات	۴ جدات
۳ / ۳۶ / ۹	۸ / ۹۶ / ۳۲	۲ / ۲۴ / ۶

۱۸ اٹھارہ کے اجزاے ضربی ۳ × ۶ ہین	
۲۱ - اکیس کے ایضاً ۳ × ۷ ہ	ان مین ۳ مشترک اور ۶ و ۷ غیر مشترک -
۱۸ - اٹھارہ کے ایضاً ۲ × ۳ × ۳ ہ	
۲۴ - چوبیس کے ایضاً ۲ × ۳ × ۴ ہ	ان مین ۲ × ۳ مشترک اور ۳ و ۴ غیر مشترک -

دوسرا امر عدد رؤس جنپر سہام پورے منقسم نہین ہوتے ہین اگر متعدد ہون توسب کا ذو اضعاف اقل نکال لو - لیکن پہلے امر کو خیال رکھنا چاہیے کہ اگر اون اعداد رؤس مین کوئی ایسا عدد رؤس ہو یا کل ایسے عدد رؤس ہون کہ اون مین اجزاے مشترک ہین تو وہان عدد رؤس اعتبار نہین کیا جاویگا بلکہ اونکا جزو غیر مشترک لحاظ کیا جاویگا

جب یہ دونون امر خوب ذہن نشین ہو گئے تو اب معلوم کرو کہ اگر سہام صرف وارثون کی ایک قسم پر پورے تقسیم نہ ہوتے ہون تو اون وارثون کے عدد رؤس یا جزو غیر مشترک کو اصل مسئلہ یا عول یا رد مین ضرب دو اور حاصل ضرب کو اصل مسئلہ یا عول یا رد پر اسطرح کا (ـــ) نشان دیکر لکھدو - پھر اوس ہی سے اوس مسئلہ کے تمام وارثون کے سہام کو ضرب دو اور حاصل ضرب کو اوسکے نیچے خط عرضی کھینچکر لکھدو اب سہام جس قسم ذوی الفروض پر کہ پورے تقسیم نہین ہوتے تھے پورے تقسیم ہو جاوینگے - مندرجۂ ذیل چار مثالون سے خوب سمجھو -

چار زوجات اور سولہ اخوات اور دو جدات چھوڑے
مخرج عول ۱۳ سہام زوجات ۳ اخوات ۸ - جدات ۲
یہاں زوجات اور اخوات میں کسر موجود ہے کیونکہ اونکا
عدد رؤس سہام پر پورے تقسیم نہیں ہوتے اسلیے
عدد رؤس وارثان کا مخرج ذو اضعاف اقل ۱۶ کو مخرج ۱۳
میں ضرب دیا حاصل ضرب ۲۰۸ مخرج مسئلہ ہوا اور ہر سہام
کو ۱۶ سے ضرب کرنے سے سہام ۴۸ و ۱۲۸ و ۳۲ ہوئے
اور ہر زوجہ کو ۱۲ ہر بہن کو ۸ اور ہر جدہ کو ۱۶ سہام ملے -

	۴ زوجہ	۱۶ اخوات	۲ جدات
مسئلہ ۱۲ عول ۱۳ مص ۲۰۸ صر ۵۲			
	۳	۸	۲
	۴۸	۱۲۸	۳۲
ہر ایک	۱۲	۸	۱۶
	۳	۲	۴

اون مین بھی نہ تقسیم صحیح ہے اور نہ جزو مشترک ہے۔ اسلیے سب اعداد روُس معتبر ہوئے۔ پس سب اعداد رُوس کا ذو اضعاف اقل نکالو (۴×۳×۵ = ۶۰)۔ ساٹھ کو اصل مسئلہ اور اوسکے سہام مین ضرب دیا۔ اب سہام وارثون پر پورے منقسم ہوجاوینگے۔

مسئلہ ۲۴ ل ۱۴۴۰

چار زوجہ	تین جدات	پانچ ابن
۳	۴	۱۷
۱۸۰	۲۴۰	۱۰۲۰
ہر ایک ۴۵	۸۰	۲۰۴

مثال دوم۔ جس مین فقط ایک وارث کے سہام اور عدد رُوس مین جزو مشترک ہے۔ چار زوجات اور چار بنات اور تین ابن اور چھ جدات چھوڑے۔

اس مثال مین ۳ سہام چار زوجا[illegible] ۱۷ سہام چار بنات او تین ابن جنکے عدد رُوس کل دس ہین اونپر اور چار سہام چھ جدات پر پورے تقسیم نہین ہوسکتے۔ اور اول اور دوم وارثون کے سہام اور عدد رُوس مین کوئی جزو مشترک نہین لہذا دونون کے کل عدد رُوس معتبر ہوئے۔ اور جدات کے سہام اور عدد رُوس مین ۲ جزو مشترک ہے لہذا جزو مشترک کو چھوڑ دیا اور جزو غیر مشترک معتبر ہوا۔ پس چھ کی جگہ مین ۳ معتبر ہوئے۔ اب سب کا ذو اضعاف اقل نکالا۔ (۲×۲×۵×۳ = ۶۰) پس ساٹھ کو اصل مسئلہ اور اوسکے سہام مین ضرب دیا۔ اب سہام وارثان پر پورے تقسیم ہوگئے۔

مسئلہ ۲۴ ل ۱۴۴۰

چار زوجات	چار بنات	تین ابن		چھ جدات
۳		۱۷		۴
۱۸	۴۰۸	۱۰۲۰	۶۱۲	۲۴۰
ہر یک ۴۵	۱۰۲		۲۰۴	۴۰

مثال سوم چار زوجات اور اٹھارہ بنات اور پندرہ جدات اور بارہ اعمام چھوڑے۔ اسمین صرف بنات کے سہام اور عدد رُوس مین جزو مشترک ۲ ہے اوسکو چھوڑ دیا اور جزو غیر مشترک ۹ معتبر ہوا۔ پس ذو اضعاف اقل ۱۸۰ اسمین اصل مسئلہ اور اوسکے سہام کو ضرب دیا۔ اور حاصل ضرب مخرج مسئلہ ۴۳۲۰ اور سہام وارثان (۵۴۰ و ۲۸۸۰ و ۷۲۰ و ۱۸۰) ہوا۔ اب سب سہام تمام وارثون پر پورے تقسیم ہوگئے یعنے ہر زوجہ کو ۱۳۵۔ اور ہر بنت کو ۱۶۰۔ اور

تیسری مثال عدد رؤس کو عول اور اوسکے سہام مین ضرب دیا ہے۔

زوجہ اور تین اخوات اور دو جدات چھوڑے۔ اس مثال مین آٹھ سہام اخوات کے عدد رؤس تین پر پورے تقسیم نہین ہوتے اور جزو مشترک بھی نہین اسواسطے کل عدد رؤس کو عول اور اوسکے سہام مین ضرب دیا۔ اب ۲۴ تین اخوات پر پورے تقسیم ہوگئے۔ ہر ایک بہن کو ۸ پہنچے۔

مسئلہ ۱۲ عول ۱۳ ۳۹

زوجہ	تین اخوات	دو جدات
۳/۹	۸/۲۴	۲/۶

چوتھی مثال۔ جزو غیر مشترک کو عول اور اوسکے سہام مین ضرب دیا ہے

زوجہ اور بارہ بنات اور ام اور اب چھوڑے۔ اس مثال مین ۱۶ سہام ۱۲ ابنات پر پورے تقسیم نہین ہوسکتے۔ اون دونون مین چار جزو مشترک اور سولہ مین ۴ اور بارہ مین ۳ جزو غیر مشترک ہے اسلیے عدد رؤس کے تین جزو غیر مشترک کو عول اور اوسکے سہام مین ضرب دیا۔ اب ۱۲ بنات کے سہام ۴۸ ہوئے ہر ایک بنت کو ۴ پہنچے۔

مسئلہ ۲۴ عول ۲۷ ۸۱

زوجہ	بارہ بنات	ام	اب
۳/۹	۱۶/۴۸	۴/۱۲	۴/۱۲

اگر سہام چند وارثون کے عدد رؤس پر منقسم نہون تب سب اعداد رؤس کا یا اونکے اجزاے غیر مشترک کا ذو اضعاف اقل نکالو اور اوسے مخرج کو اصل مسئلہ یا عول اور اونکے سہام مین ضرب دو۔ اب سب حصے اون وارثون پر پورے منقسم ہوجاوینگے اور ذیل کی مثالون سے خوب سمجھو۔

مثال اول۔ جس مین سہام اور عدد رؤس مین نہ جزو مشترک ہے اور نہ باہم اعداد رؤس مین کوئی جزو مشترک ہے۔

چار زوجات اور تین جدات اور پانچ ابن چھوڑے۔ اس مثال مین زوجات چار اور اونکے سہام تین ہین اور چار پر تین پورے تقسیم نہین ہوسکتے اور دونون مین جزو مشترک بھی نہین۔ اسلیے کل عدد رؤس محفوظ ہوا۔ اسی طرح جدات اور ابن کے سہام اور عدد رؤس کو قیاس کرلو

مناسخہ مین جسقدر وارث مرے ہون پہلے اونکے مسئلہ مکمل کرلو اور اگر اون مین تصحیح کی ضرورت ہو تو اوسکو بھی کرلو۔ اور ہر ایک مسئلہ بطن سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ مثلاً پہلے میت کا مسئلہ بطن اول اور دوسرے میت کا مسئلہ بطن دوم اور تیسرے کا بطن سوم وعلی ہذا سے تعبیر کیا جاویگا۔

مورث اعلےٰ کے ترکہ سے اوسکے مردہ وارثون کو جو کچھ ملیگا اوسکو مافی الید کہتے ہین۔ اور اوسکو میت کے نام کے قریب لکھو اور جو اوسکو ملاہے وہ مافی الید پر لکھا جاویگا اور اگر اوسکو چند جگہ سے ملاہے تو سب کو جمع کرلو اور اوسکے سہام کے نیچے لفظ میت کو لکھدو۔

پھر اوس مافی الید اور مسئلہ مین نسبت دیکھی جاویگی تباین ہے یا توافق۔ اگر دو عددون کے درمیان جزو مشترک نہو تو نسبت تباین ہوگی۔ اور اگر دونون کے درمیان کوئی جزو مشترک ہو تو اونکے درمیان اوسی جزو سے توافق ہوگا۔ اگر دو جزو مشترک ہو تو توافق بالنصف ہوگا۔ اگر تین جزو مشترک ہو تو توافق بالثلث۔ اور اگر چار ہو تو توافق بالربع ہوگا وعلیٰ ہذا۔ اور اگر دس سے زیادہ ہو تو جو عدد ہو اوسکو بعینہ لکھدو۔ اور یہ لفظ تجزمن اوسکے پہلے بڑھادو۔ مثلاً توافق اگر ۱۱۔ یا ۱۵۔ کے ساتھ ہو تو یہ لکھا جاویگا۔ توافق بجز من احد عشر یا توافق بجز من خمسہ عشرہ وعلےٰ ہذا۔ پس اگر مسئلہ اور مافی الید مین تباین ہو تو اوسکو اور اگر توافق کسی جزو کے ساتھ ہو تو اوسکو میت کے درمیان لکھدو۔

پس جب سب مسئلے تصحیح یا عول یا ردسے مکمل ہوگئے تو اب بطن اول مین جو وارث مرگیا ہے اوسکے سہام کے نیچے لفظ میت لکھکر اون سہام کو بطن

عول اور رد مین پیشتر بیان کیا گیا ہے۔ اور اگر موجودہ وارثون کے سہام مین کوئی جزو مشترک ہو تو اوسکو مناسخہ کے مخرج سے اور موجودہ وارثون کے سہام سے نکال دینا جیسے بیان کسر مین دکھایا گیا ہے۔ پھر جو باقی رہے وہ مخرج مسئلہ مناسخہ اور سہام ہر وارث مسئلۂ مذکورہ اعتبار ہوگا۔ جیسے۔

ہر جدہ کو ۴۸- اور ہر عم کو ۱۵ حصے ملے-

۱۲	و	۱۵	و	۹	و	۴	۴
۳	و	۱۵	و	۹	و	۱	۳
۱	و	۵	و	۳	و	۱	۳
۱	و	۵	و	۱	و	۱	۵
۱	و	۱	و	۱	و	۱	

۱۸۰ = ۵ × ۳ × ۳ × ۴

۴۳۲۰ = ۱۸۰ × ۲۴

۵۴۰ = ۱۸۰ × ۳

۲۸۸۰ = ۱۸۰ × ۱۶

۷۲۰ = ۱۸۰ × ۴

۱۸۰ = ۱۸۰ × ۱

۱۳۵ = ۴ ÷ ۵۴۰
۱۶۰ = ۱۸ ÷ ۲۸۸۰
۴۸ = ۱۵ ÷ ۷۲۰
۱۵ = ۱۲ ÷ ۱۸۰

مسئلہ ۲۴ / ۴۳۲۰

	۴ زوجات	۸ ابنات	۱۵ جدات	۱۲ اعمام
	۳	۱۶	۴	۱
	۵۴۰	۲۸۸۰	۷۲۰	۱۸۰
ہر ایک	۱۳۵	۱۶۰	۴۸	۱۵

مناسخہ کا بیان*

اگر ترکہ تقسیم ہونے سے پہلے کوئی وارث مرجاوے اور اوسکا حصہ میراث ہو جاوے تو باقی وارثون پر ترکہ تقسیم کرنے کے طریقہ کو مناسخہ کہتے ہین اور پہلا میت جسکے مال کی تقسیم کی جاتی ہے اوسکو مورث اعلےٰ کہتے ہین-

* مناسخہ مین دو یا زائد مخرج مسئلہ کا موجود ہونا شرط ہے- اور مورث اعلےٰ کے وارثون کے سہام کو اونکے وارثون مین تقسیم کرنے کی صورت یہ ہے کہ مورث اعلےٰ کے مسئلہ یعنے اول بطن کے مخرج مسئلہ مین دوم بطن کے مخرج مسئلہ کو (یا جتنے بطن ہون اونکے ہر بطن کے مخرج مسئلہ کو) ضرب دینا اور اوسی طرح بطن اول کے مسئلہ کے سہام مین اوسکو ضرب دینا حاصل ضرب کو اول بطن کے مخرج مسئلہ پر (جو مسئلہ مناسخہ کا مخرج مسئلہ ہوگا) اور اوسکے سہام کے نیچے لکیر کھینچکر لکھدینا- پھر ان سہام کو بطن اول کے ہر وارث کے وارثون پر موافق اونکے سہام کے تقسیم کردینا- جیسے

ہوگا اوسکو کسی مین ضرب نہین دیجاویگی - اور جبکا جزو ہو گیا اوسکے غیر مشترک جزو کی ضرب دیجاویگی - مثلاً

مسئلہ ۴ ۱۶ ۳۲ تصحیح ۱۲۸

مسئلہ ۴	ہندہ	
زوج زید	بنت عایشہ	ام خدیجہ
۱/۴ میت	۳/۹ میت	۱/۳ ۶ میت

مسئلہ ۴	مستقیم	زید	مافی الید ۴
زوجہ رحمتہ		اب عمرو	ام زبیدہ
۱/۲ ۸		۲/۴ ۱۶	۱/۲ ۸

مسئلہ ۶	توافق بالثلث	عایشہ	مافی الید ۹
جدہ خدیجہ	ابن عبداللہ	ابن کریم اللہ	بنت بکرہ
۱/۲ میت	۲/۶ ۲۴	۲/۶ ۲۴	۱/۳ ۱۲

مسئلہ ۳ ۱۸	تباین	خدیجہ	مافی الید ۹
زوج نور محمد		اخ کریم بخش	اخ رحیم بخش
۲/۱۸		۱/۹	۱/۹

الاحیاء المبلغ ۱۲۸ منہم

رحمتہ	عمرو	زبیدہ	عبداللہ	کریم اللہ	بکرہ	نور محمد	کریم بخش	رحیم بخش
۸	۱۶	۸	۲۴	۲۴	۱۲	۱۸	۹	۹

صورت مذکورہ بالا مین ہندہ متوفی کا ترکہ ایک سو اٹھائیس حصون مین تقسیم پاکر رحمتہ کو آٹھ اور عمرو کو سولہ اور زبیدہ کو آٹھ اور عبداللہ کو چوبیس اور کریم اللہ کو چوبیس اور بکرہ کو بارہ اور نور محمد کو اٹھارہ اور کریم بخش کو نو اور رحیم بخش کو نو حصے فرائض کے طابق پہنچینگے -

دوم کے مافی الید پر لکھدو - پھر دیکھو کہ بطن دوم کے مسئلہ اور اوسکے مافی الید مین کیا نسبت ہے - اگر تباین ہو تو بطن دوم کے مسئلہ کو بطن اول کے مسئلہ اور اوسکے سہام مین ضرب دو مگر جس سہام کے نیچے میت لکھا ہو اوس مین ضرب نہ دیجاوے اور مسئلہ کے حاصل ضرب کو مسئلہ اول پر تصحیح مناسخہ کی علامت (صہ) کرکے لکھدو اور سہام کے حاصل ضرب کو سہام کے نیچے خط عرضی کھینچکر لکھدو - اور مافی الید کو بطن دوم کے سہام مین ضرب دیکر اوسکے نیچے لکھدو - اور اگر نسبت توافق کی ہو تو مسئلہ کے جزو غیر مشترک کی ضرب اوپر بطن کے مسئلہ اور اوسکے سہام مین (جیسا تباین کی صورت مین بیان کیا گیا ہے) اور مافی الید کے جزو غیر مشترک کی ضرب اپنے بطن کے سہام مین دیجاویگی -

اگر مسئلہ اور مافی الید ایک جنس کے عدد ہون تو پھر کچھ ضرب دینے کی ضرورت نہین اوسی طرح رہیگا - اور اگر مسئلہ اور مافی الید دوسرے کا جزو مشترک ہو جاوے تو جو عدد جزو

مثال دو بطن

تصحیح: ۱۶ / ۶۴ / ۱۶ — مسئلہ ۴ — ربیعہ — بطن اول

زوج عابد	بنت صالحہ	ام زہرہ
۱ / ۴ / ۱۶	۳ / ۹ / ۳۶	۱ / ۳ / ۱۲

مسئلہ ۴ — عابد ۱۶ — بطن دوم

زوجہ شاکرہ	ام راضیہ	اب خالد
۱ / ۴	۱ / ۴	۲ / ۸

الاحیاء — مبلغ ۶۴ — منہم

صالحہ	زہرہ	شاکرہ	راضیہ	خالد
۳۶	۱۲	۴	۴	۸

الاختصار — مبلغ ۱۶

۹	۳	۱	۱	۲

مثال تین بطن

تصحیح: ۳۲ / ۳۸۴ / ۱۶ — مسئلہ ۴ — زبیحہ — بطن اول

زوج عابد	بنت صالحہ	ام زہرہ
۴ / ۹۶	۹ / ۲۱۶	۳ / ۷۲

مسئلہ ۴ — عابد ۹۶ — بطن دوم

زوجہ شاکرہ	ام راضیہ	اب خالد
۱ / ۲۴	۱ / ۲۴	۲ / ۴۸

مسئلہ ۶ — صالحہ ۲۱۶ — بطن سوم

ابن زید	ابن عمرو	بنت صابرہ	جدہ زہرہ
۲ / ۷۲	۲ / ۷۲	۱ / ۳۶	۱ / ۳۶

الاحیاء — مبلغ ۳۸۴ — منہم

*زہرہ	شاکرہ	راضیہ	خالد	زید	عمرو	صابرہ
۱۰۸	۲۴	۲۴	۴۸	۷۲	۷۲	۳۶

الاختصار — مبلغ ۳۲

۹	۲	۲	۴	۶	۶	۳

* زہرہ کو اول بطن اور سوم بطن دونوں میں حصہ ملا ہے -

مسئلہ ۴ — ۱۶ — ۳۲ — ۱۲۸

زلیخہ

زوج عابد	بنت صالحہ	ام زہرہ
۴ / ۸ / ۳۲	۹ میت	۳ میت

مسئلہ ۶ توافق بالثلث صالحہ مافی الید ۹

ابن زید	ابن عمرو	بنت صابرہ	جدہ زہرہ
۲ / ۶ / ۲۴	۲ / ۶ / ۲۴	۱ / ۳ / ۱۲	۱ / ۳ میت

مسئلہ ۲ تباین زہرہ مافی الید ۹

زوج نورمحمد	اخ کریم بخش	اخ رحیم بخش
۲ / ۱۸	۱ / ۹	۱ / ۹

اس مثال کے بطن دوم اور مافی الیدمین توافق بالثلث ہے - اسلیے مسئلہ کا جزوغیر مشترک ۲ کواول بطن کے مسئلہ اوراوسکے سہام مین ضرب دیا - اور مافی الید کے جزوغیرمشترک ۳ کو دوم بطن کے سہام مین ضرب دیا - پھر بطن سوم مین تباین ہے اوسکے مسئلہ ۴ کواول بطن کے مسئلہ اور اوسکے سہام مین اوردوم بطن کے سہام مین ضرب دیا - اورسوم بطن کے مافی الید ۹ کو اوسی بطن کے سہام مین ضرب دیا اورجس سہام کے نیچے لفظ میت لکھا ہوا ہے اوس مین ضرب نہین دی گئی -

---

الحمدللہ کہ رسالۂ نورالمؤمنین کا حصہ سوم مسمے بہ فرائض محمدیہ باردوم بہ مضایقۃ ائمہ زیورطبع سے آراستہ ہوا - اورمدرسۂ عالیہ کلکتہ مین مؤلف کے پاس اوراس شہر کے ہرکتاب فروش کی دکان مین ملیگا - اس حصہ مین علم فرائض کے ضروری مسائل ایسے صاف صاف عام فہم بیان کردیے گئے ہین کہ اُردودان مسلمان اپنے ضروری شرعی مسئلونکو بخوبی سمجھ سکین اوربدون تائید اورمدد کسی دوسرے شخص یا کسی کتاب کے مسائل نکال سکین انشاءاللہ استخراج فرائض کے دوطریقے لکھدیے گئے - ایک توسلسلۂ قدیم اوردوسرا ایک نیا طرز سوائے اسکے حساب سہام اورقارم فرائض مندرج ہے -

نورالمؤمنین حصۂ اول - پانچ ارکان دین اسلام - ۸ / عمدہ جلد ۱۲ /

ایضاً - - حصۂ دوم - نکاح - معاملات اورضروری مسائل مستورات وغیرہ - ۸ /

مثال توافق

صح ٣٢ / ١٦ / مسئلہ ٤	زلیخہ	
زوج عابد	بنت صالحہ	ام زہرہ
٣/٨	٩ میت	٣/٦

مسئلہ ٦	توافق بالثلث صالحہ		مافی الید ٩
ابن زید	ابن عمرو	بنت صابرہ	جدہ زہرہ
٢/٦	٢/٦	١/٣	١/٣

بطن دوم کا مسئلہ ٦- اور مافی الید ٩ ہے ان دونون مین جزو مشترک ٣ ہے اوسکو چھوڑ دیا اور چھ کا جزو غیر مشترک ٢ ہے جسکی ضرب بطن اول کے مسئلہ اور اوسکے سہام مین دی اور نو کا جزو غیر مشترک ٣ ہے جسکی ضرب بطن دوم کے سہام مین دیگئی- اور جس سہام کے نیچے لفظ میت لکھا ہوا ہے اوسمین ضرب نہین دیگئی -

مثال تباین

صح ٣٢ / ١٦ / مسئلہ ٤	زلیخہ	
زوج عابد	بنت صالحہ	ام زہرہ
٣/٨	٩/١٨	٣ میت

مسئلہ ٢	تباین	زہرہ	مافی الید ٣
زوج نور محمد	اخ کریم بخش	بنت البنت صالحہ	
١/٣	١/٣	م	

اس مثال مین بطن دوم کے مسئلہ اور مافی الید مین نسبت تباین کی ہے- اسلیے بطن دوم کے مسئلہ کی ضرب بطن اول کے مسئلہ اور اوسکے سہام مین دی اور مافی الید کی ضرب بطن دوم کے سہام مین دی گئی- اور جس سہام کے نیچے لفظ میت لکھا ہوا ہے اوس مین ضرب نہین دی گئی -

جتنے بطن ہون توافق کی صورت مین نیچے بطن کے مسئلہ کے جزو غیر مشترک کو اوپر بطن کے سہام مین ضرب دینا اور ہر بطن کے مافی الید کے جزو غیر مشترک کو اوسی بطن کے سہام مین ضرب دینا- لیکن ہر بطن کو مسئلہ کے جزو غیر مشترک کو صرف اول بطن کے مسئلہ مین ضرب دینا- اور تباین کی صورت مین نیچے بطن کے مسئلہ کو اوپر بطن کے سہام مین ضرب دینا اور مافی الید کو اپنے بطن کے سہام مین ضرب دینا- اور ہر تباین کے مسئلہ کو اول بطن کے مسئلہ مین ضرب دینا- اور جس سہام کے نیچے لفظ میت لکھا ہوا ہے اوسمین ضرب نہین دینا-

مثال توافق اور تباین دونون

فارم

صورت حال یہ ہے کہ اظہار کیا فلان ابن فلان نے جو فلان متوفی کا فلان ہے
کہ مورث اعلیٰ فلان نے فلان فلان کو چھوڑ کر مرا۔ بعد ازان فلان نے فلان فلان کو چھوڑ کر مرا
(اسی طرح جو جسکو چھوڑ کر مرا ہو اوسکا ذکر کرنا) اور صحت پر اس بیان کے گواہی دی فلان ابن
فلان ساکن فلان اور فلان ابن فلان ساکن فلان نے بموجب شرع شریف کے — تاریخ —

دستخط وارث یا وکیل ــــــــ دستخط گواہ ــــــــ دستخط گواہ ــــــــ

مسئلہ ــــــــــــــــ بطن اول

مسئلہ ــــــــــــــــ بطن دوم

مسئلہ ــــــــــــــــ بطن سوم

الاحیاء ــــــــــــــــ الغاء منھم

صورت مذکورۂ بالا مین فلان متوفی کا ترکہ اتنے حصون مین تقسیم پا کر فلان وارث کو اسقدر
اور فلان کو اسقدر فرائض کے مطابق پہونچے گا۔

دستخط مستخرج مع نام پدر و سکونت

ــــــــــــــــ

فی روپیہ متروکہ سے
فرائض لینے والے کا حصہ
آنہ - گنڈا - کوڑی

تاریخ حوالہ کردن فرائض ہذا

ــــــــــــــــ

حساب

ایک روپیہ مین سے ہر وارث کو جو حصہ مل سکتا ہے اسکا بنیا کلکتہ کے رواج کے موافق آنہ گنڈا کوڑی وغیرہ مین ذیل مین مندرج ہے - یاد رکھنا چاہیے کہ اکثر مخرج مسئلہ تین قسم کے ہین یعنے اصل مخرج اور عول اور رد - پس جس مسئلہ کا مخرج ۲ ہو اوسکے سہام ۱+۱ ہوگا اور ہر وارث کو ۸ ملیگا -

مخرج		سہام		حصہ	آنہ - گنڈا - کوڑی - کرانت
مخرج	۳	سہام	۱+۲ ۰	ایک حصہ	۵ - ۶ - ۲ - ۲ کرانت
〃	۴	〃	۱+۱+۲ یا ۱+۳	〃	۴ - ۰ - ۰ - ۰
〃	۵	〃	۱+۱+۳	〃	۳ - ۴ - ۰ - ۰
〃	۶	〃	۱+۱+۴	〃	۲ - ۱۳ - ۱ - ۱ کرانت
〃	۷	〃	۳+۴	تین حصے	۶ - ۱۷ - ۰ - ۴ دیپ
				چار حصے	۹ - ۲ - ۳ - ۳ دیپ
〃	۸	〃	۱+۷ یا ۲+۳+۳	ایک حصہ	۲ - ۰ - ۰ - ۰
〃	۹	〃	۱+۱+۳+۴	〃	۱ - ۱۵ - ۲ - ۲ دنتی
〃	۱۰	〃	۱+۱+۱+۳+۴	〃	۱ - ۱۲ - ۰ - ۰
〃	۱۲	〃	۱+۲+۳+۶	〃	۱ - ۶ - ۲ - ۲ کرانت
〃	۱۳	〃	۲+۳+۸	دو حصے	۲ - ۹ - ۰ - ۱۲ گنیت
				تین حصے	۳ - ۱۳ - ۳ - ۵ گنیت
〃	۱۵	〃	۲+۲+۳+۸	دو حصے	۲ - ۲ - ۲ - ۲ کرانت
				تین حصے	۳ - ۴ - ۰ - ۰
〃	۱۷	〃	۲+۲+۲+۳+۸	دو حصے	۱ - ۱۷ - ۲ - ۱۰ بڑ
				تین حصے	۲ - ۱۶ - ۱ - ۱۵ بڑ
〃	۲۴	〃	۱+۳+۴+۱۶	ایک حصے	۰ - ۱۳ - ۱ - ۱ کرانت
〃	۲۷	〃	۳+۴+۴+۱۶	تین حصے	۱ - ۱۵ - ۲ - ۶ جو
				چار حصے	۲ - ۷ - ۱ - ۱۷ جو

ان معین مخرج کو جتنے چند زائد کیا جاویگا ہر وارث کے معین حصہ بھی اوتنے چند کم ہوگا -

یاد رکھو کہ ایک کوڑی - ۳ کرانت یا ۴ کاک یا ۵ بسا یا ۷ دیپ یا ۹ دنتی یا ۱۱ رودر یا ۱۳ گنیت یا ۱۴ بھوبن یا ۱۷ ابڑ یا ۲۷ جو یا ۸۰ تل یا ۱۰۰ دھول یا ۳۶۰ رینو یا ۱۲۸۰ بھر مین ہوتا ہے -

اور ۴ کوڑی مین ایک گنڈا اور ۲۰ گنڈا مین ایک آنہ ہوتا ہے -